**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2019**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 30 minutes Marks: 20**

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہر گز نا لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 20 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نا لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ؕ (سورۂ انفال: آیت 33)

درج بالا آیت کی رو سے اللہ تعالیٰ کافروں کو اس وقت عذاب **نہیں** دیتا جب اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

A۔ خود انہیں معاف کر دیں۔

B۔ خود اعلانِ جنگ نہ کر دیں۔

C۔ ان کے درمیان موجود ہوں۔

D۔ ان کے درمیان موجود نہ ہوں۔

2۔ ترجمہ: اور ان لوگوں جیسے نا ہونا جو کہتے ہیں کہ ہم نے (حکمِ خدا) سُن لیا، مگر (حقیقت میں) نہیں سنتے۔
(سورۂ انفال: آیت 21)

درج بالا آیت میں کس طرح کے لوگوں کے عمل کی پیروی نہ کرنے کی تاکید کی گئی ہے؟

A۔ کفار

B۔ کاذبین

C۔ مشرکین

D۔ منافقین

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

3۔ درج ذیل آیات میں سے کون سی آیت اُس واقعہ کی طرف اشارہ کر رہی ہے جس میں کفار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو شہید کرنے کی سازش کر رہے تھے؟

A۔ ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ الْكٰفِرِيْنَ (سورۂ انفال: آیت 18)

B۔ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ (سورۂ انفال: آیت 65)

C۔ وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ؕ (سورۂ انفال: آیت 30)

D۔ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ (سورۂ انفال: آیت 15)

4۔ درج ذیل آیات میں سے کون سی آیت اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت پر سخت عذاب کی طرف اشارہ کر رہی ہے؟

A۔ اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ (سورۃ انفال: آیت 22)

B۔ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ

(سورۃ انفال: آیت 13)

C۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

(سورۃ انفال: آیت 27 )

D۔ وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ

(سورۃ انفال: آیت25)

5۔ بدر کا معرکہ مسلمانوں کے لیے سخت امتحان اور آزمائش تھا۔ مسلمانوں نے جب کفار کی تعداد اپنے سے کئی گنا زیادہ دیکھی تو وہ گھبرا گئے۔ ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو سکون دلانے کے لیے غنودگی دی اور آسمان سے

A۔ پانی برسایا۔

B۔ تیز ہوا چلائی۔

C۔ من وسلویٰ اتارا۔

D۔ شہاب ثاقب برسائے۔

6۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے ایک آدمی کو صبح کی نماز کے بعد دو رکعتیں پڑھتے دیکھا تو فرمایا: ”صبح کی نماز تو دو رکعت ہے۔“ اس آدمی نے جواب دیا: ”میں نے فرض نماز سے پہلے کی دو رکعتیں نہیں پڑھی تھیں، لہٰذا اب پڑھ لی ہیں۔“ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم خاموش ہوگئے۔ (سنن ابی داؤد)

درج بالا بیان کیا گیا واقعہ حدیث کی کون سی قسم کی طرف اشارہ کرتا ہے؟

A۔ حدیث قولی

B۔ حدیث فعلی

C۔ حدیث معصومی

D۔ حدیث تقریری

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

7۔ حامد نویں جماعت کا طالب علم ہے۔ وہ روزانہ اسکول جاتا ہے اور غیر حاضر بھی نہیں رہتا۔ ایک دن وہ اسکول سے گھر آرہا تھا کہ اُس پر کسی نے عمارت کی چھت سے کچرا پھینک دیا۔ اسے غصہ آیا لیکن فوراً ہی اپنے غصہ پر قابو پالیا اور درگزر کرتے ہوئے سیدھا اپنے گھر کی جانب روانہ ہوگیا۔

بتائیے نصاب میں دی گئی درج ذیل احادیث میں سے حامد نے کون سی حدیث پر عمل کیا؟

A۔ اَلرَّاشِیْ وَالْمُرْتَشِیْ فِی النَّارِ

B۔ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّةً فَتَحَ اللّٰہُ لَہٗ بَاباً مِّنَ الْعَافِیَةِ

C۔ اِنَّ اَکْمَلَ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَاناً اَحْسَنُھُمْ خُلُقًا

D۔ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَلَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا

8۔ مَنْ نَصَرَ قَوْمَہٗ عَلٰی غَیْرِ الْحَقِّ فَھُوَ کَالْبَعِیْرِ الَّذِیْ رَدٰی فَھُوَ یُنْزَعُ بِذَنَبِہٖ (حدیث نمبر 9)

نصاب میں دی گئی درج بالا حدیث کے مطابق درج ذیل میں سے کون سا عمل فرد اور قوم کی تباہی و بربادی کا سبب بن سکتا ہے؟

A۔ کاروبار میں ایمان داری نہ کرنا

B۔ قانونِ وراثت پر عمل نہ کرنا

C۔ ناجائز کام میں کسی کی مدد کرنا

D۔ حقوق العباد پر عمل نہ کرنا

9۔ مَنْ اَحَبَّ لِلّٰہِ وَاَبْغَضَ لِلّٰہِ وَاَعْطٰی لِلّٰہِ وَمَنَعَ لِلّٰہِ فَقَدِ اسْتَکْمَلَ الْاِیْمَانَ (حدیث نمبر 6)

اس حدیث میں تکمیلِ ایمان کے کتنے اصول بیان کیے گئے ہیں؟

A۔ 2

B۔ 3

C۔ 4

D۔ 5

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

10۔ عبد اللہ ایک نیک اور صالح شخص ہے۔ وہ صوم و صلوٰۃ کا پابند ہے۔ لوگ اس کی مثالیں دیتے ہیں۔ اسے جو کچھ ملتا ہے اُس پر وہ صبر و شکر کرتا ہے۔ ایک دن وہ اپنے دوستوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا کہ اذان کی آواز سنائی دی اور وہ صلوٰۃ کے لیے تیار ہو جاتا ہے۔ دوست اُسے روکتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ابھی وقت ہے، پہلے ہم اپنی باتیں پوری کر لیں پھر چلے جانا۔ عبد اللہ بیٹھ جاتا ہے، لیکن کچھ ہی دیر میں اسے ایک حدیث یاد آتی ہے۔ وہ دوبارہ اٹھتا ہے اور دوستوں کے روکے جانے کے باوجود صلوٰۃ کے لیے نکل جاتا ہے۔

بتایئے کہ عبد اللہ نصاب کے مطابق دی گئی احادیث میں سے کون سی حدیث سوچ کر صلوٰۃ کے لیے گیا؟

A۔ اَلرَّاشِیْ وَالْمُرْتَشِیْ فِی النَّارِ۔

B۔ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّۃً فَتَحَ اللّٰہُ بَاباً مِّنَ الْعَافِیَۃِ۔

C۔ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَلَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا۔

D۔ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یَکُوْنَ ھَوَاہُ تَبِعًا لِّمَا جِئْتُ بِہٖ۔

11۔ غزوۂ بدر کے بعد جو کفار قیدی آزادی حاصل نہیں کر سکے، ان قیدیوں کو آزاد کرانے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فدیہ کا جو طریقہ اختیار فرمایا اس کے مطابق ایک قیدی کتنے مسلمان بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھائے گا؟

A۔ چار مسلمان بچے

B۔ چھے مسلمان بچے

C۔ آٹھ مسلمان بچے

D۔ دس مسلمان بچے

12۔ اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا تقاضا ہے کہ ہم

A۔ دلی طور پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے احکامات پر عمل پیرا ہوں۔

B۔ صرف ذہنی طور پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے احکامات کو تسلیم کریں۔

C۔ دنیا کو دکھانے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے احکامات کو تسلیم کریں۔

D۔ والدین کے کہنے پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے احکامات پر عمل پیرا ہوں۔

April/May 2019 for Teaching & Learning only

13۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے فرمایا: ''جنت کی پھلواریوں میں سے گزرو تو جی بھر کر فائدہ اٹھاؤ۔'' ان پھلواریوں سے کیا مراد ہے؟

A۔ دعاؤں کی مجلسیں
B۔ درود کی مجلسیں
C۔ ذکر کی مجلسیں
D۔ علم کی مجلسیں

14۔ 'اگر مجھے زکوٰۃ کی ایک رسی کے لیے بھی ان مرتدینِ زکوٰۃ سے جنگ لڑنی پڑی (تلوار اٹھانی پڑی) تو میں لڑوں گا۔'

مرتدینِ زکوٰۃ کے خلاف یہ اقدام درج ذیل خلفائے راشدین میں سے کن خلیفہ نے کیا؟

A۔ حضرت ابو بکرؓ
B۔ حضرت عمرؓ
C۔ حضرت عثمانؓ
D۔ حضرت علیؓ

15۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے پہلے جتنے بھی انبیاء آئے وہ سب مخصوص وقت اور مخصوص علاقوں کے لیے آئے تھے۔ لیکن آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم تمام جہانوں اور قیامت تک کے لیے رسول بنا کر بھیجے گئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی آمد سے جو تصور ابھر کر آیا وہ کیا تھا؟

A۔ نظریاتی ہم آہنگی کا
B۔ بین الاقوامیت کا
C۔ اتحادی ممالک کا
D۔ مسلم قومیت کا

16۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔ (سورۂ آلِ عمران: آیت 31)

درج بالا آیت کے مطابق اللہ تعالیٰ سے محبت کا کیا تقاضا ہے؟

A۔ زکوٰۃ ادا کریں۔
B۔ نماز پابندی سے پڑھیں۔
C۔ اپنے نفس کے خلاف جہاد کریں۔
D۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی پیروی کریں۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

17۔ درج ذیل آسمانی کتابوں میں سے کون سی دو کتابیں بالترتیب ' حضرت داؤدؑ اور حضرت عیسیٰؑ' پر نازل ہوئیں؟

A۔ زبور اور انجیل
B۔ توریت اور زبور
C۔ انجیل اور توریت
D۔ توریت اور انجیل

18۔ دنیا میں مسلمانوں نے اپنے عروج کے زمانے میں ہر علم میں سبقت حاصل کی۔ انھی علوم میں سے ایک 'علم الرجال' ہے، جس کا تعلق درج ذیل علوم میں سے

A۔ تفسیر سے ہے۔
B۔ ادب سے ہے۔
C۔ حدیث سے ہے۔
D۔ صرف و نحو سے ہے۔

19۔ اسلامی ثقافت نے اپنے نقوش دنیا بھر کی تہذیبوں پر چھوڑے۔ اس کے ابھرنے، چمکنے اور عالم پر چھا جانے کے متعدد محرکات ہیں کیونکہ دوسری ثقافتوں کے مقابلے میں اس کی اساس

A۔ وحدانیت پر ہے۔
B۔ یکسانیت پر ہے۔
C۔ نظام پر ہے۔
D۔ شعائر پر ہے۔

20۔ جب کوئی قوم اور اس کی تہذیب و تمدن کسی دوسری قوم کے زیر تسلط ہوتی ہے تو وہ قوم

A۔ کمزور ہو جاتی ہے۔
B۔ طاقتور ہو جاتی ہے۔
C۔ علم کا گہوارہ بن جاتی ہے۔
D۔ اپنے تمدن کی تشہیر کرتی ہے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only